گذشتہ چند ماہ میں علمی و دینی حلقوں، دینی مدارس کے طلبہ و اساتذہ، مذہبی تحریکوں اور جماعتوں اور عامۃ المسلمین کو اہم سرکردہ علمی و دینی شخصیات کی جدائی کے صدمہ سے دوچار ہونا پڑا، جانا تو بہرحال سب نے ہے مگر جو لوگ چلے جاتے ہیں ان کی خلا بہ مشکل پوری نہیں کی جاسکتی مگر صبر کے سوا چارہ کیا ہے اور جب مسلمان ہے تو اسے صبر پہ اجر بھی ملے گا دارالعلوم حقانیہ کے دارالحدیث اور دارالحفظ میں مرحومین کے لیے باقاعدہ ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کا اہتمام کیا جاتا رہا۔ باری تعالیٰ مرحومین کو کروٹ کروٹ جوار رحمت میں جگہ دے اور اپنے شایان شان اجر و انعام سے نوازے۔ اس کاروان آخرت کے بعض حضرات کے نام یہ ہیں۔

زوجہ حکیم الامت حضرت تھانویؒ، حضرۃ مولانا معراج الحق صاحبؒ شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا عبدالعزیز رائے پوریؒ سجادہ نشین خانقاہ رائے پور، حضرت مولانا محمد سلیمان طارقؒ مبلغ اہل سنت والجماعت، حضرت مولانا محمد مطیع اللہ رشیدیؒ، ناظم اعلیٰ جامعہ رشیدیہ ساہیوال، حضرت مولانا جلال الدین حقانیؒ فاضل دارالعلوم حقانیہ و مہتمم جامعہ پراچگاں بھیرہ، حضرت مولانا محمد مختار رسیال کنوینر جمعیۃ علماء اسلام و رکن سپاہ صحابہ جھنگ، حضرت مولانا حکیم احمد حسن آف بھولی گاڑ۔

یہ حضرات اپنے اپنے حلقہ اور وسعت مقدرت کے دائرہ میں علوم نبوت، تبلیغ دین ترویج شریعت اور دین اسلام کی جو خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں وہ یقیناً اپنی جگہ مؤثر، مقبول عند اللہ تھیں ان کا احاطہ بھی تو اس محدود صفحہ میں ممکن نہیں ہے باری تعالیٰ کاروان آخرت کے تمام مسافروں کی دینی و قومی اور علمی خدمات قبول فرماوے اور اس کے بدلے آخرت کے بلند درجات اور لازوال نعمتوں سے مالا مال فرمادے۔ (عبدالقیوم حقانی)

الحمد للہ ماہنامہ الہادی
اللہ کے فضل و کرم سے اپنے سفر کا آغاز کرچکا ہے۔ ماہنامہ الہادی میں آپ ہر ماہ یہ کچھ پڑھیں اور پائیں گے۔ تشریحات قرآن مقدس و احادیث نبوی عقیدت و عظمت اصحاب رسولؐ، احوال انبیاء کرام علیہم السلام، سیرت اولیاء کرامؒ، اقوام عالم کی تاریخ عروج و زوال، گلہائے عقیدت پھول حمد و نعت، اخلاقی اصلاحی اشعار، سچے نصیحت آموز حکایات و واقعات، لطائف و امثال، روحانی تشخیص و علاج۔ ماہنامہ الہادی کے مطالعہ کرنے سے انشاء اللہ دنیا و آخرت سنور جائے گی دل و ذہن کو سکون ملے گا۔ عقائد کی درستگی و اصلاح ہوگی۔ خود پڑھیں اور دوسروں کو پڑھائیں۔ خریداری میں تعاون فرمائیں۔ ماہنامہ الہادی ایک مبارک دینی رسالہ ہے اس کی اشاعت میں حصہ لینا ہم سب کا اسلامی، اخلاقی فرض ہے۔
ماہنامہ ہدیہ آٹھ روپے، سالانہ نوے روپے۔
رجوع فرمائیں
ادارہ صدیقیہ نزد حسین ڈی سلوا بلڈنگ
گارڈن ویسٹ کراچی ۳/۷، کوڈ ۷۴۵۵۰، فون: ۷۲۲۰۳۳۴